آڈٹ بیورو آف سرکولیشن (ABC) وزارت اطلاعات ونشریات سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

DAILY NAWA-E-AHMEDPUR SHARQIA

روزنامہ

نوائے احمدپور شرقیہ

بہاولپور

چیف ایڈیٹر: احسان احمد سحر

ایڈیٹر: اعجاز احمد خان

ٹیچنگ ایڈیٹر: محمد سلیمان فاروقی

ٹیلیفون نمبر: 062-2508053

موبائل: 0301-7740405

E-mail: nawaiahmedpur@gmail.com, daily.nawaiahmedpur@gmail.com

جلد نمبر 20 | بروز جمعرات 12 نومبر 2026ء قیمت فی شمارہ 10 روپے زرسالانہ 3 ہزار روپے | شمارہ نمبر 218

شہباز شریف کی کوپ 31 سربراہی اجلاس میں شرکت اہم ملاقاتیں عالمی رہنماؤں سے

وزیراعظم شہباز شریف نے ترکیہ کے شہر انطالیہ میں کوپ 31 سربراہی اجلاس میں شرکت کی، اجلاس میں شریک عالمی رہنماں کا گروپ فوٹو بھی ہوا، ترک صدر رجب طیب اردوان نے وزیراعظم پاکستان کا استقبال کیا



انطالیہ (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف نے ترکیہ کے شہر انطالیہ میں کوپ 31 سربراہی اجلاس میں شرکت کی، اجلاس میں شریک عالمی رہنماں کا گروپ فوٹو بھی ہوا، ترک صدر رجب طیب اردوان نے وزیراعظم پاکستان کا استقبال کیا۔ وزیراعظم شہباز شریف کی ترک صدر رجب طیب اردوان اور خاتون اول امینہ اردوان سے ملاقات ہوئی، وزیراعظم نے سیکرٹری جنرل

بقیہ نمبر 1 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

کمشنر آفس بہاولپور میں گندم کی کاشت کے حوالے سے اہم اجلاس

اجلاس کی صدارت وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے کی

بہاول پور (پ ر) وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی زیر صدارت کمشنر آفس بہاولپور میں گندم کی کاشت کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایم این اے عبدالغفار وٹو، اراکین صوبائی اسمبلی میاں شعیب الدین اویسی، خالد محمود جٹ، کاشف نوید پنسوتہ، خالد محمود بابر وارن، غلام مرتضیٰ اور زاہد اکرم نے خصوصی شرکت کی۔ اجلاس میں سیکرٹری زراعت

بقیہ نمبر 2 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

بہاولپور میں فروغ خواندگی کی جانب اہم پیش رفت

این سی ایچ ڈی اور صادق ایجرٹن کالج کے مابین معاہدہ

ہر ایک پڑھائے ایک کو پروگرام کے تحت مفاہمتی یادداشت پر دستخط، طلبہ واساتذہ کی شمولیت سے شرحِ خواندگی بڑھانے کا عزم، شجرکاری مہم کا بھی انعقاد



بہاولپور (خصوصی رپورٹ) نیشنل کمیشن فار ہیومن ڈویلپمنٹ (این سی ایچ ڈی) بہاولپور اور گورنمنٹ صادق ایجرٹن گریجویٹ کالج بہاولپور کے مابین وزیراعظم کے قومی پروگرام ہر ایک پڑھائے ایک (Each One Teach One) کے تحت مفاہمتی یادداشت پر دستخط کی پروقار تقریب 11 نومبر 2026 کو کالج میں منعقد ہوئی۔ تقریب کی میزبانی کالج کے پرنسپل پروفیسر ڈاکٹر رانا محمد عمران ارشد نے کی جبکہ این سی ایچ ڈی بہاولپور کی نمائندگی ڈپٹی ڈائریکٹر میاں عبدالغفار نے کی۔ اس موقع پر دونوں اداروں کے سربراہان اور متعلقہ فوکل پرسنز نے مفاہمتی یادداشت پر دستخط کیے۔ تقریب کے دوران کالج

بقیہ نمبر 4 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

بہاولپور: گورنمنٹ صادق ایجرٹن گریجویٹ سکول کے پرنسپل پروفیسر ڈاکٹر رانا محمد عمران اور نیشنل کمیشن فار ہیومن ڈویلپمنٹ کے ڈپٹی ڈائریکٹر میاں عبدالغفار مفاہمتی یادداشت پر دستخط کر رہے ہیں

جنرلسٹس الائنس پاکستان جنوبی پنجاب کے رول اینڈ ٹاؤن پریس کلبوں کو مفت تربیتی خدمات کی پیشکش

ریٹائرڈ سینئر ڈائریکٹر تعلقات عامہ ورکنگ جرنلسٹس کیلئے اپنی خدمات بلا معاوضہ فراہم کرینگے، احسان احمد سحر کی دعوت پر نذیر خالد اور کراچی کے خالد سعید نے نسلسلٹنس کی ذمہ داریاں قبول کی تھی

لاہور (پ ر) جرنلسٹس الائنس پاکستان (JAP) کے نو مقرر کردہ کنسلٹنٹ اور حکومت پنجاب کے ریٹائرڈ سینئر ڈائریکٹر تعلقات عامہ نذیر خالد نے جرنلسٹس الائنس پاکستان سے وابستہ رورل اینڈ ٹاؤن پریس کلبز جنوبی پنجاب کے

بقیہ نمبر 8 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

کمشنر بہاولپور کا رنگ روڈ جاوید کالونی میں زیرِ تعمیر سپورٹس کمپلیکس کا دورہ

منصوبے پر جاری تعمیراتی وترقیاتی کاموں کا معائنہ کیا۔

بہاول پور (پ ر) کمشنر بہاولپور ڈویژن عرفان علی کاٹھیا نے رنگ روڈ جاوید کالونی میں زیرِ تعمیر سپورٹس کمپلیکس کا دورہ کیا اور منصوبے پر جاری تعمیراتی وترقیاتی کاموں کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر ڈویژنل سپورٹس آفیسر عامر حمید نے کمشنر بہاولپور ڈویژن کو منصوبے کی مجموعی پیش رفت، تعمیراتی مراحل اور کھیلوں کی سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے بریفنگ دی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ

بقیہ نمبر 3 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ڈی پی او بہاول پور کی کھلی کچہری، سائلین کے مسائل سنے

ڈی پی او بہاولپور نے مختلف درخواستوں پر انکوائریوں کے احکامات جاری کیے

بہاول پور (پ ر) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر بہاولپور رانا عبدالوہاب کی جانب سے شہریوں کے مسائل کے فوری اور میرٹ پر حل کے لیے روزانہ کی بنیاد پر اپنے دفتر میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا۔ آج منعقدہ کھلی کچہری میں 18 سے زائد

بقیہ نمبر 7 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

خیر پور میں تیل وگیس کے نئے ذخائر کی دریافت

اسلام آباد (سی ایم لنکس) آئل اینڈ گیس ڈیولپمنٹ کمپنی لمیٹڈ (او جی ڈی سی ایل) نے ضلع خیر پور میں تیل وگیس کے نئے ذخائر دریافت کر لیے۔ او جی ڈی سی ایل نے پاکستان اسٹاک ایکسچینج کو نئی دریافت کی تفصیلات جمع کرادیں۔ کمپنی کے

بقیہ نمبر 6 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

کمشنر بہاولپور کا سرصادق محمد خان عباسی ہسپتال بہاولپور کا دورہ

ایمرجنسی میں آنیوالے مریضوں کو فوری اور معیاری طبی امداد کی فراہمی یقینی بنائی جائے

بہاول پور (پ ر) کمشنر بہاولپور ڈویژن عرفان علی کاٹھیا نے سرصادق محمد خان عباسی ہسپتال بہاولپور کا دورہ کیا اور ہسپتال کے مختلف شعبہ جات کا معائنہ کر کے مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، علاج معالجے کے معیار اور ادویات کی دستیابی کا جائزہ لیا۔ انہوں نے ایمرجنسی وارڈ، آؤٹ ڈور، فارمیسی اور مختلف وارڈز میں طبی سہولیات کی فراہمی کا معائنہ کیا اور زیر علاج مریضوں سے ان کی صحت، علاج معالجے اور

بقیہ نمبر 5 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

کوہاٹ غیر قانونی گولڈ مائننگ کیخلاف آپریشن کیلئے گئی پولیس ٹیم پر فائرنگ سمیت 11 DSP اہلکار شہید 12 زخمی

پولیس پر حملے کے بعد ڈی ایچ کیو ٹیچنگ اسپتال میں ایمرجنسی نافذ کر دی گئی، پی آر او پولیس نے کہا کہ شہید ہونے والوں میں ڈی ایس پی گمبٹ حیدر زمان، سب انسپکٹر مختیار بھی شامل ہیں، شہدا کی تعداد 11 ہوگئی، دہشت گردوں کی طرف سے پولیس پر فائرنگ جاری ہے جب کہ پولیس کی بھاری نفری طلب کر لی گئی ہے

کوہاٹ (مانیٹرنگ ڈیسک) خیبر پختونخوا کے ضلع کوہاٹ کے علاقے گمبٹ میں غیر قانونی مائننگ کے خلاف آپریشن کے لیے گئی پولیس ٹیم پر فائرنگ کر دی گئی، نتیجے میں 11 پولیس اہلکار شہید جبکہ 12 زخمی ہوگئے۔ ترجمان کوہاٹ پولیس نے کہا کہ پولیس کی مزید گاڑیاں بھی جائے وقوع کی طرف روانہ ہوگئیں، دہشت گردوں کی طرف سے پولیس پر فائرنگ جاری ہے جب کہ پولیس کی بھاری نفری طلب کر لی گئی ہے۔ ترجمان پولیس نے کہا کہ کوہاٹ اور کرک کے درمیان واقع علاقہ دربوچ جلندھر بانڈہ میں پولیس پارٹی پر فائرنگ کی گئی، فائرنگ کے واقعے میں 11 پولیس اہلکار شہید ہوگئے۔ کوہاٹ پولیس غیر قانونی گولڈ مائننگ پر چھاپہ مارنے گئی تھی، ذرائع نے کہا کہ کوہاٹ پولیس کی گاڑیوں کو بھی جلایا گیا۔ پولیس پر حملے کے بعد ڈی ایچ کیو ٹیچنگ اسپتال میں ایمرجنسی نافذ کر دی گئی، پی آر او پولیس نے کہا کہ

بقیہ نمبر 9 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں



ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر رانا عبدالوہاب کی ہدایات پر جرائم پیشہ عناصر کے خلاف موثر کارروائیاں جاری

گزشتہ 24 گھنٹوں میں مختلف کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 80 ملزمان گرفتار

بہاول پور (پ ر) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر رانا عبدالوہاب کی ہدایات پر جرائم پیشہ عناصر کے خلاف موثر کارروائیاں جاری، بہاولپور پولیس نے

بقیہ نمبر 10 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

عالمی سرمایہ کار پاکستان میں ابھرتے ہوئے مواقع سے فائدہ اٹھائیں

وفاقی وزیر بورڈ آف انویسٹمنٹ قیصر احمد شیخ کا ورلڈ انویسٹمنٹ کانفرنس 2026 سے خطاب

جنیوا (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر برائے

بقیہ نمبر 11 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

اوچ شریف کی بیٹی غوثیہ فاطمہ کمشنر بہاولپور نے نقد انعام اور قیمتی تحائف سے نواز دیا

غوثیہ فاطمہ پولیس اہلکار عبدالرزاق کی صاحبزادی ہیں، جنہوں نے کم عمری ہی میں کھیل کے میدان میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا

انہوں نے اولمپکس، جونیئر ایشین، انٹرنیشنل، پنجاب اور آل پاکستان سطح کے مختلف آفیشل تائیکوانڈو ٹورنامنٹس میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے متعدد گولڈ میڈلز حاصل کیے



اوچ شریف (کرائم رپورٹر) اوچ شریف کی ہونہار اور کم عمر تائیکوانڈو کھلاڑی غوثیہ فاطمہ نے اپنی غیر معمولی صلاحیتوں، شبانہ روز محنت اور بے مثال عزم سے قومی و بین الاقوامی سطح پر کامیابیوں کے جھنڈے گاڑ کر اپنے شہر، والدین اور ملک وقوم کا نام روشن کر دیا۔ مختلف آفیشل تائیکوانڈو مقابلوں میں متعدد گولڈ میڈلز حاصل کرنے والی غوثیہ فاطمہ کی شاندار کارکردگی پر کمشنر بہاولپور نے خصوصی پذیرائی کرتے ہوئے انہیں نقد انعام اور قیمتی تحائف سے نوازا۔ غوثیہ فاطمہ پولیس اہلکار

بقیہ نمبر 13 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

اوچ شریف کی ہونہار بیٹی غوثیہ فاطمہ نے تائیکوانڈو میں گولڈ میڈلز جیت کر شہر کا نام روشن کر دیا، کمشنر بہاولپور کی جانب سے نقد انعام اور قیمتی تحائف سے پذیرائی۔

وزیراعلیٰ مریم نواز نے جہلم ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال میں کیتھ لیب پراجیکٹ کا افتتاح کر دیا

۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ڈی ایچ کیو جہلم کیتھ لیب میں وارڈ، سیمی موڈیلر، آپریشن تھیٹر اور دیگر شعبوں کا دورہ کیا

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کیتھ لیب کے سٹور میں ادویات اور انجکشن وغیرہ کا معیار اور ایکسپائری چیک کی

لاہور (نامہ نگار) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے جہلم ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال میں کیتھ لیب پراجیکٹ کا افتتاح کر دیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ڈی ایچ کیو جہلم کیتھ لیب میں وارڈ، سیمی موڈیلر، آپریشن تھیٹر اور دیگر شعبوں کا دورہ کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کیتھ لیب کے سٹور میں ادویات اور انجکشن وغیرہ کا معیار اور ایکسپائری چیک کی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف

بقیہ نمبر 14 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں



بہاول پور: وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی گندم کی کاشت بارے کمشنر آفس میں منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

عمران خان کا بلڈ پریشر خوفناک حد تک بلند ہے وکلا بانی پی ٹی آئی سے طویل ملاقات

بانی کا بلڈ پریشر اور آنکھ کا معاملہ ہے، بانی کا بلڈ پریشر خوف ناک حد بلند تک ہے جبکہ بانی کا ارادہ مضبوط تھا اور وہ مستعد تھے لطیف کھوسہ



راولپنڈی (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان تحریک انصاف) پی ٹی آئی (کے بانی عمران خان کے وکلا بیرسٹر سلمان صفدر اور لطیف کھوسہ نے اڈیالہ جیل میں ملاقات کے بعد کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی کا بلڈ پریشر خوف ناک حد تک بلند

بقیہ نمبر 22 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پاکستان نے دسمبر و جنوری کیلئے ایل این جی کی مہنگی بولیاں مسترد کر دیں

کراچی (سی ایم لنکس) پاکستان نے دسمبر اور جنوری میں ایل این جی سپلائی کے لیے موصول ہونے والی مہنگی بولیاں مسترد کر دیں۔ پاکستان ایل این جی لمیٹڈ (پی ایل ایل) نے دونوں مہینوں کے لیے 2 اسپاٹ ایل این جی کارگوز کی بولیاں طلب کی تھیں۔ پی ایل ایل دستاویز کے مطابق دونوں

بقیہ نمبر 12 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتوں میں کمی کا سلسلہ جاری

لندن (سی ایم لنکس) عالمی مارکیٹ میں خام تیل کی قیمتوں میں کمی کا سلسلہ جاری ہے۔ اماراتی مربن خام تیل مزید کم ہو کر 92 ڈالرز

بقیہ نمبر 32 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

نائب وزیراعظم محمد اسحاق ڈار کی زیر صدارت اجلاس

لیبر قوانین پر عملدرآمد کی موجودہ صورتحال کا جائزہ لیا

اسلام آباد (سی ایم لنکس) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے بدھ کو یہاں لیبر قوانین پر عملدرآمد سے متعلق کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کی۔ نائب وزیراعظم کے آفس سے جاری بیان کے مطابق اجلاس میں بین الاقوامی لیبر قوانین بشمول عالمی ادارہ محنت (آئی ایل او) سے متعلق کنونشنز اور وعدوں پر عملدرآمد کی موجودہ

بقیہ نمبر 30 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

وزیراعظم محمد شہباز شریف کی ''کوپ 31'' سربراہی اجلاس میں شرکت کے لیے کانفرنس ہال آمد

ترک صدر اور اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل نے وزیراعظم کا پرتپاک استقبال کیا

انطالیہ (سی ایم لنکس) وزیراعظم محمد شہباز شریف اقوام متحدہ کی ماحولیاتی کانفرنس (کوپ 31) سربراہی اجلاس میں شرکت کے لیے بدھ کو یہاں کانفرنس ہال پہنچے گئے۔ وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق کوپ 31 کانفرنس ہال پہنچنے پر ترکیہ کے صدر رجب طیب ایردوان اور اقوام متحدہ کے

بقیہ نمبر 15 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

بشریٰ بی بی کی 29 مقدمات میں عبوری ضمانتوں میں 26 نومبر تک توسیع

انسداد دہشت گردی کی خصوصی عدالت کے جج امجد علی شاہ نے درخواستوں پر سماعت کی

راولپنڈی (سی ایم لنکس) راولپنڈی کی انسداد دہشت گردی کی خصوصی عدالت نے بانی پی ٹی آئی عمران خان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کے خلاف درج 29 مقدمات میں عبوری ضمانتوں میں 26 نومبر تک توسیع کر دی ہے۔ انسداد دہشت گردی کی خصوصی عدالت کے جج امجد علی شاہ نے درخواستوں پر سماعت کی۔ سماعت کے دوران

بقیہ نمبر 18 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت 9 میگا زیریں مین پانی کے ٹینک مکمل

لاہور (سی ایم لنکس) ہاؤسنگ، اربن ڈویلپمنٹ اینڈ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ ڈیپارٹمنٹ نے پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام (پی ڈی پی) کے

بقیہ نمبر 17 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پاکستان سٹاک ایکسچینج میں تیزی کا رجحان برقرار، انڈیکس میں 349 پوائنٹس کا اضافہ

کراچی (سی ایم لنکس) پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں بدھ کو تیزی کا رجحان برقرار رہا اور کاروبار کے اختتام پر کے ایس ای 100 انڈیکس 349.96 پوائنٹس کے اضافے کے بعد ایک لاکھ 79 ہزار 647.63 پوائنٹس کی سطح پر پہنچ گیا۔ کاروباری سیشن کے دوران مارکیٹ میں

بقیہ نمبر 25 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

وفاقی وزیر سینیٹر اعظم نذیر تارڑ کا بین المذاہب ہم آہنگی اور امن کانفرنس سے خطاب

اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ کے حکومتی عزم کا اعادہ

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر برائے قانون و انصاف و انسانی حقوق سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ قومی کمیشن برائے حقوق اقلیت ایکٹ 2025ء اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ اور ان کے مسائل کے مؤثر حل کے لیے ایک اہم قانونی پیش رفت ہے۔ اس قانون کی تیاری میں پاکستان کی مذہبی اقلیتی برادریوں سے وسیع

بقیہ نمبر 29 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

حافظ نعیم الرحمٰن کا انتیس نومبر کو مینار پاکستان پر تاریخی جلسہ عام کا اعلان

لاہور (سی ایم لنکس) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے مہنگائی، کسانوں کے مسائل اور بلدیاتی انتخابات نہ کرائے جانے کے

بقیہ نمبر 31 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

عدلیہ کو ایگزیکٹو سے الگ ہونا چاہیے تاکہ قانون طاقتور کی خواہش کا غلام نہ ہو، جسٹس جمال مندوخیل

میں آج جو کچھ بھی ہوں میرے والدین اور اساتذہ کی وجہ سے ہوں

اسلام آباد (سی ایم لنکس) جسٹس جمال مندوخیل نے کہا ہے کہ عدلیہ کو ایگزیکٹو سے الگ ہونا چاہیے تاکہ قانون طاقتور کی خواہش کا غلام نہ ہو۔ اپنے اعزاز میں الوداعی ریفرنس سے خطاب کرتے ہوئے جسٹس جمال مندوخیل نے کہا کہ میں آج جو کچھ بھی ہوں میرے والدین اور اساتذہ کی وجہ سے ہوں۔ ایک جج اپنے حلف کے بغیر کچھ

بقیہ نمبر 16 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

مولانا فضل الرحمان کیساتھ تحریک چلانا ابھی قبل از وقت ہے، بیرسٹر گوہر

مولانا فضل الرحمان سے ہونے والی ملاقاتوں کا مقصد آل پارٹیز کانفرنس کے معاملات پر تبادلہ خیال تھا

اسلام آباد (سی ایم لنکس) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ مولانا فضل الرحمان کے ساتھ تحریک چلانا ابھی قبل از وقت ہے۔ نجی ٹی وی کے مطابق اپنے ایک بیان میں چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ پارٹی کی خواہش تھی کہ مولانا فضل الرحمان کے ساتھ سیاسی اتحاد قائم ہو، تاہم فی الحال ان کے ساتھ مشترکہ تحریک شروع

بقیہ نمبر 24 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

تیراہ سے افغان نیشنل آرمی کا تربیت یافتہ دہشت گرد گرفتار: ایڈیشنل آئی جی کے پی

پشاور (سی ایم لنکس) ایڈیشنل آئی جی خیبر پختون خوا عباس احسن اور ترجمان علاقائی ترقی

بقیہ نمبر 23 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پنجاب حکومت نے چودھری موسیٰ الٰہی کی بھی سکیورٹی واپس لے لی

سکیورٹی واپس لیں یا جو چاہے کر لیں، نئے صوبے ہر صورت بن کر رہیں گے، چودھری مونس الٰہی

لاہور (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر چودھری سالک حسین کے بعد گجرات سے اُن کے کزن اور ممبر صوبائی اسمبلی چودھری موسیٰ الٰہی سے بھی پولیس سکیورٹی واپس لے لی گئی۔ مسلم لیگ (ق) کے سینئر رہنما چودھری موسیٰ الٰہی چودھری وجاہت کے صاحبزادے اور چودھری شجاعت کے بھتیجے ہیں، چودھری موسیٰ الٰہی پی پی 32 سے ایم پی اے اور ایم

بقیہ نمبر 19 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ہم احتجاج نہ کرتے تو حکومت پیٹرول 500 روپے لیٹر پر لے جاتی: حافظ نعیم الرحمٰن

حکومتی ادارے اور سیاسی جماعتیں گاڑیوں کے بڑے بڑے لشکر لے کر نکلتے ہیں

لاہور (سی ایم لنکس) امیرِ جماعتِ اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ جماعتِ اسلامی کے دباؤ کے باعث حکومت نے عوام کو ریلیف دیا، اگر جماعتِ اسلامی احتجاج نہ کرتی تو حکومت پیٹرول کی قیمت 500 روپے فی لیٹر تک پہنچا دیتی۔ منصورہ میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمٰن نے بتایا کہ حکومت سے مطالبہ کیا

بقیہ نمبر 20 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

فضل الرحمان انصاف کی تلقین کرتے ہیں اور خود قبضے کی جگہ پر بیٹھے ہیں

مولانا فضل الرحمان اور آصف زرداری کی دوستی ہے، گورنر فیصل کریم کنڈی

پشاور (سی ایم لنکس) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ مولانا فضل الرحمان دوسروں کو انصاف کی تلقین کرتے ہیں اور خود قبضے کی جگہ پر بیٹھے ہیں۔ گورنر ہاؤس پشاور میں صحافیوں سے گفتگو میں فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ مولانا فضل الرحمان خود تو حلوہ کھاتے ہیں لیکن دوسروں کو کھانے سے روکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مولانا فضل الرحمان اور آصف زرداری کی دوستی ہے، اس کا یہ مطلب کیسے ہوا کہ زرداری صاحب

بقیہ نمبر 21 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں



بہاول پور: کمشنر عرفان علی کاٹھیا جاوید کالونی نزد رنگ روڈ پر زیر تعمیر سپورٹس کمپلیکس کے جاری تعمیری وترقیاتی کاموں کا معائنہ کر رہے ہیں

محمود اچکزئی سے چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر اور اسد قیصر کی اہم ملاقات

بانی پی ٹی آئی کی صحت، عدالتی فیصلوں اور زیر حراست رہنماؤں کی رہائی سے متعلق تشویش کا اظہار کیا

اسلام آباد (سی ایم لنکس) محمود خان اچکزئی سے اسد قیصر اور چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے ملاقات کی، جس میں بانی پی ٹی آئی کی صحت، عدالتی فیصلوں اور زیر حراست رہنماؤں کی رہائی سے متعلق تشویش کا اظہار کیا گیا۔ ترجمان تحریک تحفظ آئین پاکستان کے مطابق ملاقات محمود خان اچکزئی کی رہائش گاہ پر ہوئی، جس میں بانی

بقیہ نمبر 26 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

9 مئی ریڈیو پاکستان حملہ کیس؛ سہیل آفریدی کے وارنٹ گرفتاری دوبارہ جاری

پشاور (سی ایم لنکس) 9 مئی ریڈیو پاکستان حملہ کیس میں عدالت نے سہیل آفریدی کے وارنٹ گرفتاری دوبارہ جاری کر دیے۔ انسداد دہشت گردی عدالت پشاور کے جج ولی محمد نے 9

بقیہ نمبر 27 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ایشیائی ترقیاتی بینک نے پاکستان کیلئے 50 کروڑ ڈالرز قرض کی منظوری دیدی

اسلام آباد (سی ایم لنکس) ایشیائی ترقیاتی بینک نے پاکستان کے لیے 50 کروڑ ڈالرز قرض کی منظوری دے دی۔ اے ڈی بی کے مطابق پاکستان میں قدرتی آفات سے سالانہ 2 ارب ڈالرز نقصان ہوتا ہے، اس قرض سے پاکستان کی قدرتی آفات سے نمٹنے کی صلاحیت بہتر ہوگی، یہ

بقیہ نمبر 28 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

بہاول پور: این سی ایچ ڈی اور گورنمنٹ صادق ایجرٹن گریجویٹ کالج کے درمیان وزیراعظم روشن پاکستان پروگرام کے تحت ہر ایک پڑھائے ایک کو مہم کے فروغ کے لیے مفاہمت یادداشت پر دستخط کے بعد گروپ فوٹو

ایک دام

نشاط نیبرکس

پروپرائیٹر میاں خالد اینڈ سنز

آپ کا اعتماد..... ہماری پہچان

نزد رسول پلازہ ڈیرہ نواب روڈ

میاں بلال خالد 0332-6263802– میاں عمر خالد 0331-7567242

جینٹس ورائٹی، یامین، زین جی، اپ ٹائم، رواج، کرینٹ، کراؤن، پوری، نارکنز لیڈیز ورائٹی، بن الیاس، ایڈن روب، رنگ رسیہ، ایمان عدیل، علیزے، زل بری، شنائیل، میرین کلاسک، بن وحید، بن سعید، پیری ڈوٹ، موٹفز، شادی بیاہ کی اعلیٰ ترین ورائٹی آپ کی پسند کے مطابق دستیاب ہے۔

آپ کا اعتماد..... ہمارا معیار

نشاط آوٹ فٹ

ہمارے ہاں

بن سعید | سکس برو | کارلو کلب

مسٹر ہارون | آئی پی | ایم پی

زارا | نائیک | پولو

فورکڈز | بیس | بینگو

کڈز | بے بی بابا | کرتا شلوار

میاں حمزہ خالد

0300-4655291

فراک کی اعلیٰ ترین ورائٹی دستیاب ہے

پینٹ شرٹ ہر سائز میں خرید فرمائیں۔

شاپ نمبر 1 جنگو پلازہ ڈیرہ نواب روڈ

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

Muslim Public High School

مسلم پبلک ہائی سکول

(بوائز اینڈ گرلز)

پرنسپل : محمد اسماعیل فاروقی

ایم اے ایل ایل بی

0300-8884846

کچہری روڈ احمد پور شرقیہ

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

Ahmedpur Public High School

احمد پور پبلک ہائی سکول

(بوائز اینڈ گرلز)

کنگن روڈ احمد پور شرقیہ

پرنسپل محمد یوسف فاروقی

بی اے ایل ایل بی

0301-8688787

EFA School System

ایفا سکول سسٹم

نرسری تا نہم

پنجاب گروپ آف کالجز کا تعلیمی منصوبہ

پرنسپل: محمد سلیمان فاروقی

نزد پنجاب کالج فنچی موڑ احمد پور شرقیہ

اب نئی انتظامیہ کے ساتھ

The Educators

دی ایجوکیٹرز

نرسری تا پنجم

بین ہاؤس سکول سسٹم کا پراجیکٹ

عثمان کیمپس

سیٹلائٹ ٹاؤن بالمقابل مدینہ مسجد

نزد مسجد العزیز حمزہ ٹاؤن احمد پور شرقیہ

Punjab College (Ahmedpur East)

پنجاب کالج

(احمد پور شرقیہ)

F.Sc | I.C.S. | FA(IT)

BS | BS | BS (Computer Scienic)

بوائز اور گرلز کیلئے علیحدہ علیحدہ کیمپس

قنچی موڑ ڈیرہ نواب روڈ احمد پور شرقیہ

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

Al Saleem Public School

السلیم پبلک سکول (رجسٹرڈ)

(نرسری تا میٹرک)

(بوائز اینڈ گرلز)

پرنسپل وڈائریکٹر

ارشد سلیم

نزد ہائی وے مسافر خانہ

کے ایل پی روڈ مسافر خانہ تحصیل بہاولپور صدر ضلع بہاولپور

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

پبلک ہائیر سیکنڈری

احمد پور سکول

بوائز اینڈ گرلز

نرسری تا میٹرک

6 کنال رقبہ پر مشتمل سکول کیمپس

پرنسپل: محمد سلیمان فاروقی

ایم اے، بی ایڈ، ایل ایل بی

0300-8688787

بقیہ نمبر 01

اقوام متحدہ انتونیو گوتریس سے بھی ملاقات کی۔شہباز شریف اور ایرانی صدر مسعود پزشکیان کے درمیان ملاقات میں دوطرفہ تعلقات اور باہمی تعاون کے فروغ پر تبادلہ خیال کیا گیا، علاقائی صورتحال اور خطے میں امن واستحکام سے متعلق امور پر بھی گفتگو ہوئی۔وزیراعظم کی شام کے صدر احمد الشرع اور بنگلہ دیش کے وزیراعظم طارق رحمان سے بھی الگ الگ ملاقاتیں ہوئیں، جبکہ سعودی عرب کے وزیر برائے توانائی اور وزیرمملکت برائے خارجہ امور سے بھی ملاقات کی۔شہباز شریف نے اسلامی تعاون تنظیم کے سیکرٹری جنرل اسماعیل اولد شیخ احمد اور فلسطین کے وزیراعظم محمد مصطفیٰ سے بھی ملاقات کی۔وزیراعظم نے فلسطینی عوام کے ساتھ حکومت اور پاکستان کے عوام کی جانب سے بھرپور یکجہتی کا اظہار کیا، فلسطینی وزیراعظم نے عالمی سطح پر فلسطینی عوام پر مظالم کے خلاف مؤثر آواز اٹھانے اور فلسطینی مقف کی تائید پر حکومت اور پاکستانی عوام کا شکریہ ادا کیا۔وزیراعظم شہباز شریف کی ورلڈ بینک کے صدر اجے بنگا سے بھی ملاقات ہوئی، ملاقاتوں میں دوطرفہ تعلقات کے فروغ، خطے کی صورتحال اور موسمیاتی تبدیلی کے مضراثرات سے سب سے زیادہ متاثرہ ممالک کی مشکلات عالمی سطح پر اجاگر کرنے کی اہمیت پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ نمبر 02

پنجاب شکیل احمد میاں، کمشنر عرفان علی کاٹھیا، سپیشل سیکرٹری زراعت جنوبی پنجاب سرفراز حسین مگسی، ایڈیشنل سیکرٹری ٹاسک فورس شبیر احمد خان، ڈپٹی کمشنرز، ایم ڈی چولستان ڈویلپمنٹ اتھارٹی شاہد حسن کلیانی، ڈائریکٹر جنرلز محکمہ زراعت پنجاب نوید عصمت کاہلوں اور ڈاکٹر عامر رسول، کنسلٹنٹ محکمہ زراعت ڈاکٹر محمد انجم علی، عبدالحمید، ڈائریکٹر زراعت توسیع بہاولپور محمد جمیل غوری سمیت دیگر اسٹیک ہولڈرز اور محکمہ زراعت کے افسران بھی موجود تھے۔اس موقع پر وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے کہا کہ بہاولپور ڈویژن زرعی لحاظ سے ملکی سطح پر منفرد مقام رکھتا ہے۔صوبہ پنجاب میں ایک کروڑ 65 لاکھ ایکڑ سے زائد رقبے پر گندم کاشت کرائی جائے گی جبکہ بہاولپور ڈویژن میں 27 لاکھ ایکڑ رقبے پر گندم کاشت کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت پنجاب کھادوں کی مینوفیکچرنگ، درآمد اور سپلائی کے حوالے سے وفاقی حکومت سے مسلسل رابطے میں ہے۔وزیر زراعت پنجاب نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر اپنا کھیت اپنا روزگار پروگرام اور نمبرداری گرانٹ کے رقبوں پر گندم کاشت کرائی جارہی ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب نے پنجاب سیڈ کارپوریشن کے تصدیق شدہ بیج پر 45 کروڑ روپے کی سبسڈی فراہم کی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر کھادوں اور زرعی ادویات میں ملاوٹ کے مکروہ دھندے میں ملوث عناصر کے خلاف بلاامتیاز کریک ڈاؤن جاری ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر گندم کی خریداری کا میکانزم 15 مارچ تک وضع کر دیا جائے گا۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب شکیل احمد میاں نے کہا کہ گندم کی کاشت سے برداشت تک جدید پیداواری امور کے حوالے سے رہنمائی فراہم کی جائے گی۔ گندم کی کامیاب فصل کے حصول تک جائزہ اجلاسوں کا سلسلہ جاری رہے گا۔اجلاس میں کمشنر عرفان علی کاٹھیا نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر ڈویژنل اور ضلعی انتظامیہ گندم کی کاشت کی مہم میں فعال اور عملی کردار ادا کررہی ہے۔بعدازاں وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے کمشنر آفس بہاولپور میں اینٹی سموگ مہم کے حوالے سے اہم اجلاس کی صدارت کی۔ اجلاس میں سیکرٹری زراعت پنجاب شکیل احمد میاں، سپیشل سیکرٹری زراعت جنوبی پنجاب سرفراز حسین مگسی، ایڈیشنل سیکرٹری ٹاسک فورس شبیر احمد خان، ڈائریکٹر جنرل ایگریکلچرل انفارمیشن نوید عصمت کاہلوں، عبدالحمید، محمد جمیل غوری اور دیگر افسران موجود تھے جبکہ ڈائریکٹر جنرل زراعت توسیع شہباز اختر سمیت فیلڈ فارمیشنز نے آن لائن شرکت کی۔اس موقع پر وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے ہدایت کی کہ اینٹی سموگ اسکواڈز سرویلنس کے عمل میں مزید تیزی لائیں اور آگ لگانے کے واقعات اور ان کی روک تھام کے حوالے سے درست رپورٹنگ کی جائے۔سیکرٹری زراعت پنجاب شکیل احمد میاں نے ہدایت کی کہ اینٹی سموگ سرگرمیوں کی روزانہ کی بنیاد پر رپورٹ مرتب کر کے پیش کی جائے۔

بقیہ نمبر 03

منصوبے کے مختلف حصوں میں ملٹی پرپز گراؤنڈ، پویلین، باؤنڈری وال، ڈرینج سسٹم اور یوٹیلیٹی کنکشنز کی تعمیر وتنصیب شامل ہے، جبکہ باؤنڈری وال کا بیشتر کام مکمل ہو چکا ہے۔ کمشنر بہاولپور ڈویژن عرفان علی کاٹھیا نے ہدایت کی کہ سپورٹس کمپلیکس کے تمام تعمیراتی وترقیاتی کام منظور شدہ ڈیزائن اور مقررہ معیار کے مطابق تیزی سے مکمل کیے جائیں۔انہوں نے کہا کہ تعمیراتی کاموں کے معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ برداشت نہیں کیا جائے گا اور منصوبے کے تمام مراحل کی مؤثر نگرانی یقینی بنائی جائے۔انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ باقی ماندہ کام مقررہ مدت میں مکمل کیے جائیں اور منصوبے کی تکمیل میں کسی قسم کی غیر ضروری تاخیر نہ ہونے دی جائے تاکہ سپورٹس کمپلیکس کو جلد از جلد شہریوں اور کھلاڑیوں کے لیے فعال بنایا جا سکے۔کمشنر عرفان علی کاٹھیا نے کہا کہ کھیلوں کا فروغ، نوجوانوں کو صحت مند اور مثبت سرگرمیوں کے مواقع فراہم کرنا اور مقامی سطح پر کھیلوں کے ٹیلنٹ کو اجاگر کرنا پنجاب حکومت کی اہم ترجیحات میں شامل ہے۔کھیلوں کے بنیادی ڈھانچے کو جدید خطوط پر استوار کر کے نوجوان نسل کو صحت مند سرگرمیوں کی جانب راغب کیا جارہا ہے۔انہوں نے کہا کہ معیاری کھیلوں کی سہولیات کی فراہمی سے نہ صرف نوجوانوں کو اپنی صلاحیتوں کے اظہار کے بہتر مواقع میسر آئیں گے بلکہ مقامی سطح پر کھیلوں کے فروغ میں بھی مدد ملے گی۔اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر بہاولپور سٹی اقراء مبین، ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ ملک محبوب الٰہی کھر، ڈپٹی ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ فیصل شہزاد، ڈویژنل سپورٹس آفیسر عامر حمید، چیف ایگزیکٹو آفیسر ویسٹ مینجمنٹ کمپنی محمد نعیم اختر، ایس ڈی ای او پیراسٹی مجتبیٰ منظور سمیت دیگر متعلقہ محکموں کے افسران بھی موجود تھے۔



بقیہ نمبر 04

کے مختلف شعبہ جات کے سربراہان اور اساتذہ کو پروگرام کے اغراض ومقاصد، طریقہ کار اور متوقع نتائج سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اس اشتراک کا بنیادی مقصد کالج کے طلبہ وطالبات اور اساتذہ کی فعال شرکت سے رضا کارانہ تدریس کو فروغ دینا اور ناخواندگی کے خاتمے کی قومی کوششوں کو مؤثر بنانا ہے۔تقریب میں این سی ایچ ڈی کی اسسٹنٹ ڈائریکٹر لٹریسی محترمہ شکیلہ قادر، اسسٹنٹ ڈائریکٹر ایجوکیشن سید نجم الحسن بخاری، کالج کے وائس پرنسپل دیوان سید آصف شہزاد، شعبہ کیمسٹری کے سربراہ پروفیسر ڈاکٹر محمد عمران انجم سمیت مختلف شعبہ جات کے سربراہان، فیکلٹی ممبران اور این سی ایچ ڈی کے فیلڈ افسران رانا محمد اختر، طارق سہیل اور نعمان انجم نے شرکت کی۔مفاہمتی یادداشت پر دستخط کے بعد کالج کے احاطے میں شجرکاری مہم کا بھی انعقاد کیا گیا، جس میں وائس پرنسپل دیوان سید آصف شہزاد اور ڈپٹی ڈائریکٹر این سی ایچ ڈی میاں عبدالغفار نے پودے لگائے۔تقریب کا اختتام دونوں اداروں کی جانب سے فروغ خواندگی، رضا کارانہ تدریس اور سماجی و ماحولیاتی بہتری کے لیے مشترکہ کاوشیں جاری رکھنے کے عزم کے ساتھ ہوا۔

بقیہ نمبر 05

ہسپتال میں دستیاب سہولیات کے بارے میں دریافت کیا۔کمشنر بہاولپور ڈویژن نے ہدایت کی کہ ایمرجنسی میں آنے والے مریضوں کو فوری اور معیاری طبی امداد کی فراہمی یقینی بنائی جائے اور تمام مریضوں کو بہترین علاج معالجے کی سہولیات فراہم کرنے میں کوئی کسر اٹھانہ رکھی جائے۔انہوں نے واضح کیا کہ مریضوں کو تجویز کردہ ادویات کی بلاتعطل فراہمی ہر صورت یقینی بنائی جائے اور ادویات کی دستیابی وتقسیم کے نظام کو مؤثر بنایا جائے۔انہوں نے کہا کہ علاج معالجے میں کسی قسم کی غفلت، کوتاہی یا لاپرواہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی، ڈاکٹرز اور طبی عملہ اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریاں پوری توجہ، لگن اور ذمہ داری کے ساتھ ادا کریں۔کمشنر نے ہسپتال کے تمام شعبہ جات میں صفائی ستھرائی کے معیار کو مزید بہتر بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ مریضوں اور ان کے لواحقین کو دوران علاج پیش آنے والی مشکلات کا فوری ازالہ کیا جائے۔سرکاری ہسپتال میں آنے والے ہر مریض کو بروقت اور معیاری طبی سہولیات کی فراہمی ہسپتال انتظامیہ کی اولین ترجیح ہونی چاہیے۔اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر بہاولپور سٹی اقراء مبین، میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر محمد حامد خان سمیت ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل اسٹاف بھی موجود تھا۔

بقیہ نمبر 06

مطابق بٹریم نارتھ ویسٹ ون کنویں سے یومیہ 1 کروڑ 28 لاکھ مکعب فٹ گیس حاصل ہوئی ہے، جبکہ یومیہ 175 بیرل کنڈنسیٹ بھی حاصل ہو گا۔او جی ڈی سی ایل کا کہنا ہے کہ نئی دریافت سے پاکستان کے مقامی گیس کے ذخائر میں اضافہ ہوگا، جبکہ دریافت شدہ گیس کو جلد قومی نظام میں شامل کر دیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 07

شہریوں نے شرکت کر کے اپنے مسائل براہ راست ڈی پی او بہاولپور کے سامنے پیش کیے۔تفصیلات کے مطابق وزیر اعلی پنجاب اور انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے ویژن اور احکامات کی روشنی میں منعقدہ کھلی کچہری کے دوران ڈی پی او رانا عبدالوہاب نے تمام سائلین کے مسائل فردا فردا تفصیل سے سنے اور متعلقہ افسران کو بذریعہ فون فوری قانونی کارروائی اور بروقت واپسی رپورٹ پیش کرنے کے احکامات جاری کیے۔ڈی پی او بہاولپور نے مختلف درخواستوں پر انکوائریوں کے احکامات جاری کرتے ہوئے ریکوری کے مقدمات میں متعلقہ تفتیشی افسران کو ہدایت دی کہ جلد از جلد ریکوری مکمل کر کے مال مسروقہ مدعیان کے حوالے کیا جائے اور اس ضمن میں رپورٹ پیش کی جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ غفلت یا تاخیر کے مرتکب افسران کے خلاف محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔اس موقع پر ڈی پی او رانا عبدالوہاب کا کہنا تھا کہ کھلی کچہریوں کا مقصد وزیر اعلی پنجاب کے ویژن کے مطابق شہریوں کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنا اور عوام و پولیس کے درمیان اعتماد کے رشتے کو مزید مضبوط بنانا ہے۔شہریوں نے ڈی پی او بہاولپور کے اس اقدام کو سراہتے ہوئے کہا کہ مسائل کے فوری حل کے لیے پولیس افسران تک براہ راست رسائی ایک خوش آئند اور مثبت قدم ہے۔

بقیہ نمبر 08

عہدیداران اور ورکنگ جرنلسٹس کو مفت تربیتی خدمات فراہم کرنے کی پیشکش کی ہے۔انہوں نے اپنے وائس ایپ پیغام میں جرنلسٹس الائنس پاکستان کے بانی ومیڈیا ایڈوائزر احسان احمد سحر سے مخاطب ہوتے ہوئے جنوبی پنجاب کے تمام متعلقہ پریس کلبوں کے چیئرمین صاحبان اور سیکرٹریز سے استدعا کی ہے کہ وہ جب بھی اپنے پریس کلب میں ورکنگ جرنلسٹس کے لیے تربیتی ورکشاپ منعقد کرنا چاہیں تو وہ بطور ٹریز اپنی خدمات پیش کرنے کے لیے تیار ہیں۔نذیر خالد نے اپنے پیغام میں کہا کہ پریس کلب کے عہدیداران احسان احمد سحر کے توسط سے انہیں اطلاع دے دیں تو وہ اپنی گھریلو مصروفیات میں سے وقت نکال کر ورکشاپ کے لیے حاضر ہو جائیں گے۔ انہوں نے واضح کیا کہ وہ اپنے انتظامات کے تحت آئیں گے اور میزبان پریس کلب سے صرف ایک کپ چائے پینے کے خواہش مند ہوں گے۔ان کی یہ پیشکش علاقائی صحافیوں کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں اضافے اور صحافتی تربیت کے فروغ کے لیے ایک قابل قدر رضا کارانہ اقدام ہے۔یادر ہے کہ نذیر خالد اور کراچی سے تعلق رکھنے والے صحافی و مصنف خالد سعید نے جرنلسٹس الائنس پاکستان کے بانی احسان احمد سحر کی دعوت پر تنظیم کے کنسلٹنٹس کی حیثیت سے خدمات انجام دینے کی پیشکش قبول کی تھی۔نذیر خالد کی اس رضا کارانہ پیشکش سے جنوبی پنجاب کے وابستہ پریس کلبوں کو اپنے ہاں ورکنگ جرنلسٹس کے لیے پیشہ ورانہ تربیتی ورکشاپس منعقد کرنے کا ایک اہم موقع میسر آئے گا۔

بقیہ نمبر 09

شہید ہونے والوں میں ڈی ایس پی کمبٹ حیدر زمان، سب انسپکٹر مختیار بھی شامل ہیں، شہدا کی تعداد 11 ہوگئی۔ریسکیو ون ون ٹو نے کہا کہ دہشت گردوں کے حملے میں مجموعی طور پر 11 اہلکاروں شہید جب کہ 12 زخمی ہیں۔گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے پولیس پر فائرنگ کی مذمت کی ہے اور شہادتوں پر دکھ کا اظہار کیا ہے۔گورنر نے پولیس حکام سے واقعے کی تفصیلی رپورٹ طلب کرلی اور کہا کہ دہشت گردوں کی یہ بزدلانہ کارروائی انتہائی قابل مذمت ہے، پولیس ٹیم پر فائرنگ میں ملوث عناصر کو کیفرکردار تک پہنچایا جائے، پولیس اہلکاروں کی عظیم قربانیاں ہرگز رائیگاں نہیں جائیں گی، دہشت گردی اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف پولیس کی قربانیاں پوری قوم کے لیے باعث فخر ہیں۔کوہاٹ میں شہید دیرلوئر تلاش سے تعلق رکھنے والے ڈی ایس پی حیدر زمان کے پسماندگان میں ان کی ضعیف العمر والدہ، بیوہ، چار بیٹیاں اور دو بیٹے شامل ہیں۔تین بیٹیوں کی شادی ہوچکی ہے، ایک بیٹا سعودی عرب میں مزدوری کر رہا ہے جبکہ دوسرا بیٹا پڑھ رہا ہے۔حیدر زمان شہید نے 1987 میں بحیثیت سپاہی محکمہ پولیس میں شمولیت اختیار کی اور محنت کرتے ہوئے 2009 میں سب انسپکٹر بنے، وہ لوئر دیر کے کئی پولیس تھانوں اسپنز، ثمر باغ وغیرہ میں ایس ایچ او تعینات رہے، جبکہ دیر، ایبٹ آباد اور ہری پور میں پولیس ایلیٹ فورس کے کمانڈر بھی رہے۔بعدازاں وہ خصوصی کورس کی تکمیل کے بعد کوہاٹ ہی میں ڈی ایس پی درہ آدم خیل اور کوہاٹ سٹی ڈی ایس پی تعینات ہوئے۔وہ گذشتہ روز کوہاٹ میں غیر قانونی گولڈ مائننگ کے خلاف آپریشن کی کمان کر رہے تھے کہ پہلے سے تیار دہشت گردوں نے ان کے قافلے کو چاروں طرف سے گھیر کر حملہ کیا۔

بقیہ نمبر 10

گزشتہ 24 گھنٹوں میں مختلف کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 8 0 ملزمان گرفتار کئے، گرفتار ملزمان کے قبضہ سے بھاری مقدار میں شراب، منشیات واسلحہ ناجائز برآمد۔سماج دشمن عناصر کسی رعائت کے مستحق نہیں، ڈی پی او تفصیلات کے مطابق تھانہ کینٹ، بغداد الجدید، صدر احمد پور شرقیہ اور تھانہ خیر پور ٹامیوالی پولیس نے شراب فروشی کے مرتکب 5 0 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 115 لیٹر شراب برآمد کرلی۔ جبکہ تھانہ مسافرخانہ، نوشہرہ جدید اور تھانہ صدر یزمان پولیس نے اسلحہ ناجائز رکھنے کے مرتکب 03 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 03 عدد پسٹل 30 بور برآمد کرلیا۔گرفتار ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر کے مزید انیسر گیشن شروع کردی گئی۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر رانا عبد الوہاب نے کہا کہ معاشرے کو منشیات اور دیگر سماجی برائیوں سے پاک کرنا بہاولپور پولیس کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ جرائم پیشہ عناصر، منشیات فروشی میں ملوث افراد کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی اور قانون شکنی کرنے والوں کے ساتھ کسی قسم کی رعایت نہیں برتی جائے گی۔

بقیہ نمبر 11

بورڈ آف انویسٹمنٹ قیصر احمد شیخ نے سوئٹزرلینڈ کے شہر جنیوا میں ورلڈ ایسوسی ایشن آف انویسٹمنٹ پروموشن ایجنسیز کے زیر اہتمام 30ویں ورلڈ انویسٹمنٹ کانفرنس (2026 WIC) کے اعلیٰ سطحی وزارتی اجلاس بعنوان "عالمی سرمایہ کاری کا آئندہ عشرہ" میں شرکت کی۔ اجلاس میں مختلف ممالک کے وزراء ، سرمایہ کاری کے فروغ کے اداروں کے سربراہان اور بین الاقوامی نمائندوں نے شرکت کی جہاں عالمی سرمایہ کاری کے مستقبل سے متعلق ابھرتے ہوئے رجحانات، چیلنجز اور مواقع پر تبادلہ خیال کیا گیا۔اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے پاکستان کی سرمایہ کاری کی استعداد، جاری معاشی اصلاحات اور شفاف، مسابقتی اور سرمایہ کار دوست کاروباری ماحول کے قیام کے عزم کو اجاگر کیا۔انہوں نے کہا کہ سرمایہ کاری معاشی ترقی، صنعتی فروغ، روزگار کے مواقع پیدا کرنے اور مشترکہ خوشحالی کے حصول کا ایک اہم ذریعہ ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پاکستان اپنی معاشی استعداد کو عملی سرمایہ کاری کے مواقع میں تبدیل کرنے کے لیے پرعزم ہے۔وفاقی وزیر نے پاکستان کے سٹریٹجک جغرافیائی محل وقوع کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان جنوبی ایشیا، وسطی ایشیا، مشرق وسطی اور چین کے سنگم پر واقع ہونے کے باعث سرمایہ کاروں کو اہم علاقائی منڈیوں اور بین الاقوامی تجارتی راستوں تک رسائی فراہم کرتا ہے۔انہوں نے کراچی، پورٹ قاسم اور گوادر سمیت ملک کے بحری بندرگاہوں کے بنیادی ڈھانچے کو علاقائی رابطوں، بین الاقوامی تجارت، لاجسٹکس اور سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے اہم اثاثہ قرار دیا۔سرمایہ کاری کے ترجیحی شعبوں کا ذکر کرتے ہوئے قیصر احمد شیخ نے انفارمیشن ٹیکنالوجی اور ڈیجیٹل خدمات، زراعت اور فوڈ پروسیسنگ، ٹیکسٹائل اور ویلیو ایڈڈ مینوفیکچرنگ، کان کنی ومعدنیات، قابل تجدید توانائی، بنیادی ڈھانچے، لاجسٹکس، ادویہ سازی اور سیاحت کو بین الاقوامی سرمایہ کاروں کے لیے اہم مواقع کے حامل شعبے قرار دیا۔انہوں نے کہا کہ پاکستان ایسی سرمایہ کاری کا خیر مقدم کرتا ہے جو صنعتی استعداد میں اضافہ کرے، جدید ٹیکنالوجی متعارف کروائے، مقامی سپلائی چینز کو ترقی دے، برآمدات میں اضافہ کرے اور معیاری روزگار کے مواقع پیدا کرے۔وفاقی وزیر نے وزیراعظم محمد شہباز شریف کی قیادت میں حکومت کے جامع اصلاحاتی ایجنڈے کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ حکومت کاروبار کرنے میں آسانی پیدا کرنے اور سرمایہ کاروں کے اعتماد کو مضبوط بنانے کے لیے اقدامات کر رہی ہے۔انہوں نے بتایا کہ تقریباً 90 وفاقی اور صوبائی محکموں کے تعاون سے لگ بھگ 30 شعبوں میں 500 سے زائد ریگولیٹری اصلاحات متعارف کروائی گئی ہیں۔ان اصلاحات کا مقصد طریقہ کار کو آسان بنانا، کاروباری لاگت میں کمی، غیر ضروری تکرار کا خاتمہ اور ایک شفاف، مستحکم اور قابل پیش گوئی ریگولیٹری ماحول فراہم کرنا ہے۔انہوں نے پاکستان ریگولیٹری ماڈرنائزیشن انیشی ایٹو اور آسان کاروبار ایکٹ 2025ء کو ریگولیٹری اصلاحات کو ادارہ جاتی شکل دینے اور مجموعی کاروباری ماحول کو بہتر بنانے میں اہم سنگ میل قرار دیا۔انہوں نے کہا کہ حکومت کا مقصد بہتر ضابطہ کاری کو فروغ دینا، غیر ضروری رکاوٹوں کا خاتمہ، شفافیت میں اضافہ اور کاروباری اداروں کو تیز رفتار خدمات کی فراہمی یقینی بنانا ہے۔سرمایہ کاروں کو عملی سہولیات کی فراہمی کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے وفاقی وزیر نے بورڈ آف انویسٹمنٹ کی جانب سے اسلام آباد میں قائم کیے گئے بزنس فسیلیٹیشن سینٹر (بی ایف سی) کا ذکر کیا جہاں 22 وفاقی سرکاری ادارے ون ونڈو نظام کے تحت ایک ہی چھت تلے خدمات فراہم کررہے ہیں۔انہوں نے شرکا کو بتایا کہ اپنے ابتدائی آٹھ ماہ کے دوران اس مرکز نے 5,386 کاروباری اداروں کو سہولت فراہم کی، 4,555 منظوریوں اور عدم اعتراض سرٹیفکیٹس (NOCs) کے معاملات نمٹائے، 5.08 ارب روپے کی سرمایہ کاری میں معاونت کی اور 15,680 روزگار کے مواقع کی معاونت کی۔مرکز نے سرمایہ کاروں کے اطمینان کے حوالے سے 10 میں سے 9.8 کی درجہ بندی بھی حاصل کی، جو مربوط خدمات کی موثریت کا مظہر ہے۔وفاقی وزیر نے پاکستان کی سرمایہ کاری پالیسی 2023ء کو بھی اجاگر کیا جس کے تحت قابل اطلاق قوانین اور متعلقہ شعبوں کی مخصوص پابندیوں کے تابع بیشتر شعبوں میں غیرملکی سرمایہ کاروں کو 100 فیصد تک ایکویٹی کی اجازت حاصل ہے۔اس پالیسی میں مجاز بینکاری ذرائع کے ذریعے سرمایہ، منافع اور ڈیویڈنڈز کی واپسی کی سہولت بھی شامل ہے۔ انہوں نے خصوصی اقتصادی زونز (SEZs) میں دستیاب مراعات کی جانب بھی توجہ مبذول کروائی جن میں اہل زون انٹرپرائزز کے لیے دس سالہ انکم ٹیکس چھوٹ اور قانونی ضوابط کے مطابق اہل سرمایہ جاتی اشیاء کی درآمد پر کسٹمز ڈیوٹیز اور ٹیکسز سے ایک مرتبہ استثنیٰ شامل ہے۔خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل (ایس آئی ایف سی) کے کردار کا ذکر کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ یہ کونسل وفاقی وصوبائی حکومتوں اور متعلقہ اداروں کے درمیان سرمایہ کاری کے فروغ اور سہولت کاری کے لیے ایک اہم ادارہ جاتی پلیٹ فارم فراہم کرتی ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان بین الاقوامی شراکت داریوں کو مضبوط بنانے، مشترکہ منصوبوں کے فروغ اور ایسی سرمایہ کاری کے حصول کے لیے سرگرم عمل ہے جو مالی وسائل کے ساتھ تکنیکی مہارت، جدت، جدید انتظامی طریقہ کار اور بین الاقوامی منڈیوں تک رسائی بھی فراہم کرے۔وزارتی اجلاس بعنوان "عالمی سرمایہ کاری کا آئندہ عشرہ" کے دوران ہونے والی گفتگو میں جغرافیائی و سیاسی تبدیلیوں، عالمی سپلائی چینز میں ارتقاء ، ٹیکنالوجی میں جدت، موسمیاتی چیلنجز اور بین الاقوامی تجارت کے بدلتے ہوئے رجحانات کے تناظر میں عالمی سرمایہ کاری کے بدلتے ہوئے منظرنامے پر توجہ مرکوز کی گئی۔وفاقی وزیر نے ایسے مضبوط، پائیدار اور مسابقتی سرمایہ کاری کے نظام کی تشکیل کی اہمیت پر زور دیا جو کاروباری اداروں کو اعتماد، پالیسیوں کا تسلسل اور طویل مدتی مواقع فراہم کرسکیں۔انہوں نے کہا کہ سرمایہ کاری کے فروغ کے اداروں کو روایتی سرمایہ کاری تشہیر سے آگے بڑھ کر سرمایہ کاروں کو ابتدا سے تکمیل تک سہولیات کی فراہمی، پالیسی سازی، ادارہ جاتی رابطہ کاری اور بین الاقوامی سرمایہ کاروں کے ساتھ دیرپا تعلقات استوار کرنے میں زیادہ فعال کردار ادا کرنا ہوگا۔وفاقی وزیر نے پائیدار اور جامع سرمایہ کاری کے حوالے سے پاکستان کے عزم کو بھی اجاگر کیا، بالخصوص قابل تجدید توانائی، موسمیاتی تبدیلیوں سے ہم آہنگ زراعت، پائیدار مینوفیکچرنگ، جدید بنیادی ڈھانچے، ڈیجیٹل تبدیلی اور ٹیکنالوجی پر مبنی صنعتوں میں سرمایہ کاری کی اہمیت پر زور دیا۔انہوں نے کہا کہ سرمایہ کاری کے ثمرات محض مالی منافع تک محدود نہیں رہنے چاہئیں بلکہ اس کے ذریعے روزگار کے مواقع پیدا کرنے، مقامی آبادی کو بااختیار بنانے، انسانی وسائل کو ترقی دینے اور ماحول دوست معاشی ترقی کو فروغ دینے میں بھی مدد ملنی چاہیے۔ بین الاقوامی سرمایہ کاری برادری کے ساتھ پاکستان کے روابط کا ذکر کرتے ہوئے قیصر احمد شیخ نے ڈبلیواے آئی پی اے اور دیگر بین الاقوامی سرمایہ کاری کے فروغ کے اداروں کے ساتھ تعاون مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا۔ انہوں نے بین الاقوامی سرمایہ کاری میں تعاون کے فروغ اور حکومتوں، سرمایہ کاروں اور کاروباری رہنماؤں کے درمیان مکالمے کے لیے ایک مؤثر پلیٹ فارم فراہم کرنے پر ڈبلیواے آئی پی اے کی کاوشوں کو سراہا۔انہوں نے عالمی سرمایہ کاری کے شعبے میں تعاون کو مزید مستحکم بنانے کے لیے بورڈ آف انویسٹمنٹ کی WAIPA کی سٹیئرنگ کمیٹی میں شمولیت کی اہمیت کو بھی اجاگر کیا۔اپنے خطاب کے اختتام پر وفاقی وزیر نے بین الاقوامی سرمایہ کاروں کو پاکستان میں سرمایہ کاری کے امکانات سے فائدہ اٹھانے، مقامی کاروباری اداروں کے ساتھ شراکت داری قائم کرنے اور ملک میں جاری معاشی و ریگولیٹری اصلاحات سے استفادہ کرنے کی دعوت دی۔انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پاکستان کاروبار کے لیے کھلا ہے، ذمہ دارانہ اور پائیدار سرمایہ کاری کی سہولت کاری کے لیے پرعزم ہے اور بین الاقوامی سرمایہ کاروں کے لیے باہمی مفاد پر مبنی مواقع پیدا کرنے کے لیے کوشاں ہے۔30ویں ورلڈ انویسٹمنٹ کانفرنس (2026 WIC) کا انعقاد 10 سے 12 نومبر 2026ء تک جنیوا، سوئٹزرلینڈ میں کیا جا رہا ہے۔ یہ کانفرنس حکومتی نمائندوں، سرمایہ کاری کے فروغ کے اداروں، بین الاقوامی تنظیموں اور کاروباری رہنماؤں کو اپنے خیالات کے تبادلے، شراکت داریوں کو مضبوط بنانے اور عالمی سرمایہ کاری میں تعاون کے نئے مواقع تلاش کرنے کے لیے ایک اہم بین الاقوامی پلیٹ فارم فراہم کرتی ہے۔

بقیہ نمبر 12

کارگوز کے لیے مجموعی طور پر 3 بولیاں موصول ہوئیں، بولیاں 14 سے 16 دسمبر اور 9 سے 11 جنوری کے دوران ترسیل کے لیے طلب کی گئی تھیں۔ذرائع پی ایل ایل کے مطابق دسمبر کے کارگو کے لیے 27.27 سے 31 ڈالرز فی ملین برٹش تھرمل یونٹ (ایم ایم بی ٹی یو) تک بولیاں موصول ہوئیں، جبکہ جنوری کے کارگو کے لیے صرف ایک بولی 27.01 ڈالرز فی ایم ایم بی ٹی یو کی موصول ہوئی۔دستاویز کے مطابق دسمبر کے ایل این جی کارگو کے لیے 24 ارب 43 کروڑ سے 27 ارب 77 کروڑ روپے تک قیمت طلب کی گئی، جبکہ جنوری کے کارگو کے لیے 24 ارب 28 کروڑ روپے کی بولی موصول ہوئی۔

بقیہ نمبر 13

عبدالرزاق کی صاحبزادی ہیں، جنہوں نے کم عمری ہی میں کھیل کے میدان میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا۔ انہوں نے اولپکس، جونیئر ایشین، انٹرنیشنل، پنجاب اور آل پاکستان سطح کے مختلف آفیشل تائیکوانڈو ٹورنامنٹس میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے متعدد گولڈ میڈلز حاصل کیے۔ ان کی مسلسل کامیابیاں اس بات کا واضح ثبوت ہیں کہ مضبوط عزم، محنت اور بہترین تربیت کے ذریعے چھوٹے شہروں سے تعلق رکھنے والے نوجوان بھی عالمی سطح پر اپنی پہچان بنا سکتے ہیں۔کمشنر بہاولپور نے غوثیہ فاطمہ کی کامیابیوں کو سراہتے ہوئے انہیں نقد انعام اور قیمتی تحائف پیش کیے اور ان کے والدین سمیت کوچز ارشاد احمد شاد اور جاوید بشیر کی خدمات کو بھی خراج تحسین پیش کیا۔ اس موقع پر ان کا کہنا تھا کہ غوثیہ فاطمہ جیسی باصلاحیت بچیاں پاکستان کا قیمتی سرمایہ ہیں، ان کی حوصلہ افزائی اور سرپرستی سے ملک کو مستقبل میں مزید بین الاقوامی اعزازات حاصل ہو سکتے ہیں۔غوثیہ فاطمہ کی کامیابی پر شہری، سماجی اور صحافتی حلقوں نے خوشی اور مسرت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پولیس اہلکار عبدالرزاق کی صاحبزادی نے اپنی محنت اور قابلیت سے اوچ شریف کے لیے ایک قابل فخر مثال قائم کی ہے۔انہوں نے مطالبہ کیا کہ حکومت اور متعلقہ ادارے ایسی باصلاحیت کھلاڑیوں کی سرپرستی کے لیے خصوصی اقدامات کریں، انہیں جدید تربیتی سہولیات، مالی معاونت اور بین الاقوامی مقابلوں میں شرکت کے مزید مواقع فراہم کیے جائیں۔غوثیہ فاطمہ کی کامیابی صرف ایک بچی کی انفرادی جیت نہیں بلکہ اوچ شریف کی پہچان، والدین کے خوابوں کی تعبیر اور پاکستان کی آنے والی نسلوں کے لیے ایک روشن مثال ہے۔

بقیہ نمبر 14

نے کنسول روم سے لائیو انجیوگرافی کا مشاہدہ کیا اور کیتھ لیب میں انجیو پلاسٹی کے بعد روبہ صحت مریضوں کی عیادت کی۔دبئی کے ڈرائیور شہزاد نوید نے وزیراعلیٰ مریم نواز شریف سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ دل کی تکلیف ہونے پر دبئی سے مفت علاج کیلئے پاکستان آیا۔کئی سال بعد آیا تو پاکستان پہلے جیسا نہیں لگ رہا،بہت بہتر ہے۔فیصل آباد میں ایک ہفتے بعد کا ٹائم ملا، بہن کے کہنے پر جہلم آیا، فوری طور انجیو پلاسٹی کردی گئی۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے پنجاب کے ہر ہسپتال میں انجیو پلاسٹی کیلئے 24 گھنٹے سے زیادہ ٹائم نہ دینے کی ہدایت کی۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ جہلم کے عوام کو دل کے علاج کے لیے اب دوسرے شہروں کا رخ نہیں کرنا پڑے گا۔انجیوگرافی، انجیو پلاسٹی، ای سی جی، جدید آپریشن تھیٹر، وینٹی لیٹرز سے آراستہ اس کیتھ لیب میں 2400 مریضوں کا علاج کیا جاچکا ہے۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ میری کوشش ہے کہ پنجاب کے کسی بھی ہسپتال میں انجیو پلاسٹی کے لیے مریض کو انتظار نہ کرنا پڑے۔گھر کی دہلیز پر صحت کی بہترین سہولیات ہر شہری کا حق ہے۔ دراثناء وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف جہلم میں زاہدہ بی بی کو نئے گھر کی مبارکباد دینے پہنچ گئیں۔جہلم کے علاقے نیو آبادی اسلام پورہ کی زاہدہ بی بی نے اپنی چھت، اپنا گھر سکیم لون سے چار مرلہ مکان بنایا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے زاہدہ بی بی اور ان کی فیملی کے ساتھ ملکر گھر کا باقاعدہ افتتاح کیا اور فیملی سے ملاقات کی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے زاہدہ بی بی سے گھر کی تعمیر کے بارے میں دریافت کیا تو زاہدہ بی بی آبدیدہ ہوگئیں ۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے زاہدہ بی بی، بچوں سے شفقت کا اظہار کیا اور قائد محمد نواز شریف کا سلام بھی دیا۔ زاہدہ بی بی نے بتایا کہ دن رات کھڑے ہوکر گھر بنوایا، دن کو مزدور اور رات کو ہم خود کام کرتے ۔ دل چاہتا ہے کہ مریم نواز شریف کو کھڑے ہو کر سلیوٹ کروں، انہوں نے ہمیں چھت دی۔نواز شریف صاحب اور ان کی فیملی سے دلی لگاؤ ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کو ساگ اور آلو کی بھجیاں پیش کی گئی تو رغبت سے کھانا کھایا اور تعریف کی۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے دیسی آٹے کی خستہ روٹی بھی پسند کی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ اللہ تعالی نے عوام کی خدمت کا موقع دیا جب کوئی گھر بنتا ہے تو دلی خوشی ہوتی ہے۔ اپنی چھت، اپنا گھر پنجاب ہی نہیں پاکستان کا سب سے بڑا لوکاسٹ ہاؤسنگ پراجیکٹ ہے۔ اپنی چھت، اپنا گھر کی افادیت اور انفرادیت کو عالمی سطح پر بھی سراہا جارہا ہے۔

بقیہ نمبر 15

سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس نے وزیراعظم محمد شہباز شریف کا پرتپاک استقبال کیا۔وزیراعظم محمد شہباز شریف کا کوپ 31 کانفرنس میں شریک عالمی رہنماؤں کے ہمراہ گروپ فوٹو ہوا۔وزیراعظم شہباز شریف نے کانفرنس میں شریک عالمی رہنماؤں سے ملاقات کی، ان سے مصافحہ کیا اور خیرسگالی کے جملوں کا تبادلہ کیا۔

بقیہ نمبر 16

نہیں ہوتا۔میں سمجھتا ہوں کہ جج کو اپنا حلف ہمیشہ یاد رکھنا چاہیے۔انہوں نے کہا کہ آج کل آزاد عدلیہ کی بات ہوتی ہے۔ عدلیہ کے لیے آزاد ہونے کے ساتھ ہی آئین وقانون کا ماتحت ہونا چاہیے۔جج کے کردار یا طرز عمل کا حتمی فیصلہ کرنے کا اختیار کسی ایک شخص کو حاصل نہیں ہوتا، جج کی قابلیت، دیانت داری اور کردار کا اصل معیار اس کے عدالتی فیصلے ہوتے ہیں۔جسٹس جمال مندوخیل نے کہا کہ اکثر یہ قول سقراط سے منسوب کیا جاتا ہے کہ ایک جج میں چار خوبیاں ہونی چاہیں۔ جج تحمل اور خوش اخلاقی سے فریقین کی بات سنے۔ دانشمندی سے جواب دے، سنجیدگی سے غور وفکر کرے اور غیر جانبداری کے ساتھ فیصلہ کرے۔انہوں نے کہا کہ آئین اختیار کا سرچشمہ اور اختیارات کی حدود کا تعین کرنے والی دستاویز ہے۔آئین پارلیمان، عدلیہ اور انتظامیہ کو بتاتا ہے کہ وہ کیا کر سکتے ہیں۔ریاست کے دیگر اداروں کے اختیارات پر نگرانی قائم کرنا عدلیہ کا آئینی کردار ہے۔عدلیہ کو یہ اختیار حاصل ہے کہ وہ آئین کی تشریح کرے اور اس پر دیانت داری کے ساتھ عمل درآمد یقینی بنائے۔جسٹس جمال مندوخیل نے کہا کہ آئین کے تحت اختیارات کسی کے ذاتی ملکیت نہیں ہوتے بلکہ ایک امانت ہوتے ہیں۔حقوق اور قانون تک عام شہریوں کی اسی طرح رسائی ہونی چاہیے جس طرح طاقتور اور بااثر افراد کو حاصل ہوتی ہے۔ ایک جج آئین اور قانون کی بالادستی صرف اپنے عدالتی فیصلوں کے ذریعے برقرار رکھ سکتا ہے۔ آئین میں درج ہے کہ قرارداد مقاصد کے تحت عدلیہ کی آزادی کو مکمل طور پر یقینی بنایا جائے۔

بقیہ نمبر 17

تحت زیر زمین پانی کے 9 میگا ٹینک مکمل کر لیے ہیں۔ ساہیوال، سرگودھا، فیصل آباد، اوکاڑہ اور گوجرانوالہ میں ٹینکوں کا کام مکمل ہو چکا ہے جبکہ 165 کلومیٹر سے زائد زیر زمین سیوریج لائنیں بھی مکمل ہو چکی ہیں۔سیکرٹری ہاؤسنگ پنجاب دانش افضل کی زیر صدارت 15 اضلاع میں پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت جاری ترقیاتی منصوبوں کی پیشرفت کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں محکمہ جاتی افسران نے جاری ترقیاتی کاموں کی پیش رفت کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی۔سیکرٹری ہاؤسنگ دانش افضل نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ کھدائی کے بعد عوام کی سہولت کو اولین ترجیح دیتے ہوئے معیاری بیک فلنگ کو یقینی بنایا جائے۔انہوں نے تعمیراتی معیار کو برقرار رکھتے ہوئے اور شہری جمالیات کو برقرار رکھتے ہوئے ترقیاتی کاموں کی جلد تکمیل کی ضرورت پر زور دیا۔محکمہ ہاؤسنگ کے ترجمان کے مطابق پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام میں 2,265 کلومیٹر سیوریج لائنیں بچھانا اور 189 کلومیٹر طویل سٹارم واٹر ڈرینج سسٹم کی ڈیولپمنٹ شامل ہے۔اس پروگرام میں 86 ڈسپوزل اسٹیشنوں کی تکمیل اور 752 کلومیٹر سڑکوں کی تعمیر بھی شامل ہے۔اجلاس کے دوران محکمہ ہاؤسنگ کے افسران نے سیکرٹری کو مختلف اضلاع میں جاری ترقیاتی کاموں کی پیش رفت سے آگاہ کیا۔

بقیہ نمبر 18

بشریٰ بی بی کی جانب سے وکیل محمد فیصل ملک اور ان کی قانونی ٹیم عدالت میں پیش ہوئی جبکہ پراسیکیوشن ٹیم بھی کمرہ ؟ عدالت میں موجود تھی۔عدالت نے عبوری ضمانتوں میں 26 نومبر تک توسیع کرتے ہوئے درخواستوں کی مزید سماعت کارروائی کے بغیر ملتوی کردی۔

بقیہ نمبر 19

این اے چودھری حسین الٰہی کے بھائی بھی ہیں۔چودھری مونس الٰہی نے کہا کہ سکیورٹی واپس لیں یا جو چاہے کرلیں، نئے صوبے ہرصورت بن کر رہیں گے، نئے صوبوں کے قیام کے مطالبے سے پیچھے نہیں ہٹیں گے۔اس سے قبل وفاقی وزیر برائے اوورسیز پاکستانیز چودھری سالک حسین سمیت دیگر وفاقی وزراء سے پنجاب پولیس کی جانب سے ایلیٹ فورس کا مستقل پروٹوکول واپس لے لیا گیا۔پولیس ذرائع کے مطابق ایلیٹ فورس کے اہلکاروں کو واپس رپورٹ کرنے کے احکامات جاری کر دیے گئے ہیں، جبکہ وفاقی وزراء کو پنجاب آمد پر صرف عارضی پروٹوکول فراہم کیا جائے گا۔وفاقی وزیر چودھری سالک حسین نے بھی ایلیٹ فورس کا پروٹوکول واپس لیے جانے کی تصدیق کی ہے،اس حوالے سے ترجمان مسلم لیگ نے بھی سکیورٹی واپس لئے جانے کی اطلاعات کو درست قرار دیا ہے۔ترجمان سالک ہاؤس کے مطابق چودھری سالک حسین کی گجرات میں رہائشگاہ سے بھی پولیس سکیورٹی ہٹادی گئی ہے۔

بقیہ نمبر 20

ہے کہ بڑی گاڑیوں پر ٹیکس عائد کیا جائے، کیونکہ جو ہاتھی پالتا ہے وہ اس کا بوجھ بھی اٹھا سکتا ہے۔انہوں نے کہا کہ حکومتی ادارے اور سیاسی جماعتیں گاڑیوں کے بڑے بڑے لشکر لے کر نکلتے ہیں، اس لیے عوامی ریلیف پیکیج میں پبلک ٹرانسپورٹ کو بھی شامل کیا جائے۔حافظ نعیم الرحمٰن کا کہنا ہے کہ ملک میں ایل پی جی کی شدید قلت ہے جو سرکاری نرخوں پر دستیاب نہیں، ایل پی جی کی قیمتوں کا تعین کرنا کس کی ذمے داری ہے؟انہوں نے دعویٰ کیا کہ ایل پی جی کا 70 فیصد حصہ ایران سے آتا ہے، اگر پاکستان میں گیس کے ذخائر موجود ہیں تو انہیں نکالا کیوں نہیں جا رہا؟امیرِ جماعتِ اسلامی نے کہا کہ پاکستان میں تیل صاف کرنے والی صنعت، چینی، گیس، ا؟ ٹا اور ا؟ ئی پی پیز مافیاز کے کارٹیل موجود ہیں، ان کارٹیل میں حکومت اور اپوزیشن کی کوئی تمیز نہیں، بلکہ سب مل کر عوام کا استحصال کر رہے ہیں۔انہوں نے یہ بھی کہا کہ تیل صاف کرنے والی کمپنیوں کا منافع کم کر کے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مزید کمی کی جاسکتی ہے، ملک میں گیس کی لوڈشیڈنگ بھی عروج پر پہنچ چکی ہے۔

بقیہ نمبر 21

کرپشن کے معاملے میں مولانا کو بچائیں گے؟ گورنر خیبر پختونخوا نے مزید کہا کہ کرپشن کے شواہد نظر آرہے ہیں، کیا زرداری صاحب کہیں گے کہ جو کچھ ہوا ٹھیک تھا؟ کیا جے یو آئی میں ہونے یا مولانا کا بیٹا یا بھائی ہونے سے کرپشن جائز ہو جاتی ہے؟ان کا کہنا تھا کہ این ایچ اے میں مولانا کے بیٹے پر کرپشن کے الزام کا بھی حساب ہونا چاہیے، پی ڈی ایم دور میں سب سے زیادہ فائدہ جے یو آئی کو ہوا۔فیصل کریم کنڈی نے یہ بھی کہا کہ پی ڈی ایم دور میں جے یو آئی کو اس کی پسند کی وزارتیں ملیں، جن میں مذہبی امور، ہاؤسنگ اور مواصلات کی وزارتیں شامل تھیں۔انہوں نے کہا کہ میرے خیال میں کوئی بڑی وزارت باقی نہیں رہی، جو جے یو آئی کو نہ ملی ہو، کرپشن کے الزامات ثابت ہوئے تو سزا بھگتنا پڑے گی۔

بقیہ نمبر 22

ہے۔ایکسپریس نیوز کے مطابق بانی پی ٹی آئی کے وکلا نے اڈیالہ جیل راولپنڈی میں عمران خان سے ملاقات کی اور اس کے بعد سردار لطیف کھوسہ نے میڈیا سے گفتگو میں بتایا کہ ملاقات تین چار گھنٹے ہوئی ہے، بشریٰ بی بی بھی موجود تھیں۔ان کا کہنا تھا کہ بانی پی ٹی آئی سے ان کی صحت اور مقدمات پر بات ہوئی ہے، کل ہم ملاقات کی تفصیل لکھیں گے اور یہ سب آپ کے سامنے آشکار ہوجائے گا۔لطیف کھوسہ نے کہا کہ بانی کا بلڈ پریشر اور آنکھ کا معاملہ ہے، بانی کا بلڈ پریشر خوف ناک حد بلند تک ہے جبکہ بانی کا ارادہ مضبوط تھا اور وہ مستعد تھے۔انہوں نے کہا کہ 28ویں ترمیم پر بات ہوئی ہے لیکن اس پر بات نہیں کروں گا۔ان کا کہنا تھا کہ ملاقات طویل کیوں ہوئی یہ تو جیل والوں سے پوچھیں، عدالت نے کہا تھا ملاقات ایک گھنٹے سے کم نہیں ہونی چاہیے زیادہ ہو تو کوئی بات نہیں۔سردار لطیف کھوسہ نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی سے ملاقات سیر حاصل رہی اور تمام معاملات پر گفتگو ہوئی۔

بقیہ نمبر 23

کونسل محمود جان بابر نے کہا ہے کہ خیبر کے علاقے تیراہ سے سیکیورٹی فورسز نے کارروائی کے دوران افغان نیشنل آرمی کا تربیت یافتہ افغان دہشت گرد کو گرفتار کر لیا ہے۔پریس کانفرنس کرتے ہوئے ایڈیشنل آئی جی کے پی عباس احسن نے بتایا کہ گرفتار خارجی کی شناخت حکمت اللہ عرف حمزہ کے نام سے ہوئی ہے، جس کا تعلق افغانستان کے صوبے پکتیا کے گاؤں منگریال سے ہے۔عباس احسن کا کہنا ہے کہ گرفتار خارجی افغان نیشنل آرمی سے بھی منسلک رہا اور اس نے افغان آرمی سے تربیت حاصل کی تھی، اسے 7 نومبر کو گرفتار کیا گیا۔انہوں نے بتایا کہ گرفتار دہشت گرد گل بہادر گروپ کے ساتھ بھی کام کر چکا ہے، اس کے ساتھیوں اور تربیت فراہم کرنے والوں سے متعلق معلومات حاصل کر لی گئی ہیں۔ایڈیشنل آئی جی کے مطابق گرفتار دہشت گرد کے سرحد پار اور پاکستان میں موجود دہشت گردوں سے رابطے ہیں، افغانستان میں کھلے عام پاکستان کے خلاف دہشت گردی کی منصوبہ بندی کی جاتی ہے۔ترجمان علاقائی ترقی کونسل محمود جان بابر کا کہنا ہے کہ ماضی قریب میں درپیش مشکلات اب ختم ہو چکی ہیں، سرحد پار سے پاکستان آنے والا کوئی بھی شخص اب بچ کر نہیں جاسکے گا۔انہوں نے کہا کہ اب وفاق اور صوبے سمیت تمام متعلقہ ادارے ایک پیج پر ہیں۔

بقیہ نمبر 24

کرنے کا فیصلہ قبل از وقت ہوگا۔انہوں نے واضح کیا کہ دونوں جماعتیں جوائنٹ اپوزیشن کا حصہ ہیں۔بیرسٹر گوہر نے کہا کہ مولانا فضل الرحمان سے ہونے والی ملاقاتوں کا مقصد آل پارٹیز کانفرنس کے معاملات پر تبادلہ خیال تھا۔مشترکہ اپوزیشن میں مولانا اور پی ٹی آئی ایک ساتھ ہیں، لیکن اس سیاسی ہم آہنگی کو تحریک کی شکل دینے کے لیے ابھی وقت موزوں نہیں۔چیئرمین پی ٹی آئی نے جیل میں ملاقاتوں سے متعلق اسلام آباد ہائیکورٹ کے فیصلے کا خیرمقدم کیا۔ان کا کہنا تھا کہ عدالتی حکم خوش آئند ہے اور امید ہے کہ اس مرتبہ عدالتوں کی ہدایات پر عمل درآمد یقینی بنایا جائے گا۔بلدیاتی انتخابات کے حوالے سے بیرسٹر گوہر نے دوٹوک مؤقف اختیار کیا کہ پی ٹی آئی انتخابی عمل کا بائیکاٹ نہیں کررہی۔انہوں نے کہا کہ پارٹی ان انتخابات میں بھرپور حصہ لے گی۔دریں اثنا سماجی رابطوں کے پلیٹ فارم ایکس پر اپنے بیان میں چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے کہا کہ بانی چیئرمین پی ٹی آئی کو گزشتہ رات آنکھ میں انجکشن لگوانے کے لیے پمز اسپتال منتقل کیے جانے کی اطلاعات ہیں۔ سپریم کورٹ کے 18 اگست 2026 کے حکم پر فوری اور مکمل عملدرآمد کیا جائے۔انہوں نے کہا کہ سپریم کورٹ نے بانی چیئرمین کو طبی معائنے اور علاج کے لیے شفا انٹرنیشنل اسپتال منتقل کرنے کا حکم دیا تھا۔ بانی چیئرمین کے طبی معائنے کے لیے میڈیکل بورڈ تشکیل دینے کا عدالتی حکم بھی تاحال نافذ نہیں کیا گیا۔میڈیکل بورڈ میں بانی چیئرمین کے ذاتی معالج اور خاندان کے ایک فرد کو بھی شامل کرنے کا حکم دیا گیا تھا۔بیرسٹر گوہر کا کہنا تھا کہ سپریم کورٹ کے حکم پر تقریباً 3 ماہ گزرنے کے باوجود عملدرآمد نہیں ہو سکا۔ بانی چیئرمین کو فوری طور پر شفا انٹرنیشنل اسپتال منتقل کیا جائے۔ بانی چیئرمین کے جامع طبی معائنے، ضروری ٹیسٹ اور مناسب علاج کو یقینی بنایا جائے۔سپریم کورٹ کے حکم پر مزید تاخیر کے بغیر اس کی روح اور الفاظ کے مطابق عملدرآمد کیا جائے۔

بقیہ نمبر 25

مجموعی طور پر 567 کمپنیوں کے حصص کا لین دین ہوا، جن میں سے 289 کمپنیوں کے حصص کی قیمتوں میں اضافہ، 180 کمپنیوں کے حصص کی قیمتوں میں کمی جبکہ 98 کمپنیوں کے حصص کی قیمتوں میں استحکام رہا۔مارکیٹ میں مجموعی طور پر 513 ملین حصص کا کاروبار ہوا، جن کی مالیت 19.90 ارب روپے ریکارڈ کی گئی، جبکہ فیوچر ٹریڈنگ کے تحت 4.26 ارب روپے مالیت کے حصص کا لین دین ہوا۔حجم کے لحاظ سے سرفہرست کمپنیوں میں تصدیق انفارمیشن سروسز لمیٹڈ کے 106 ملین، پرویز احمد کنسلٹنسی سروسز لمیٹڈ کے 38.23 ملین اور ٹی پی ایل پراپرٹیز لمیٹڈ کے 31.42 ملین حصص کا کاروبار ہوا۔کاروباری سرگرمیوں میں آلٹرن انرجی لمیٹڈ، سیکورٹی انویسٹمنٹ بینک لمیٹڈ اور پرویز احمد کنسلٹنسی سروسز لمیٹڈ نمایاں کمپنیاں رہیں۔

بقیہ نمبر 26

چیئرمین پی ٹی آئی کی صحت سے متعلق خبروں پر شدید تشویش کا اظہار کیا گیا۔ملاقات کے اعلامیے میں مطالبہ کیا گیا کہ سپریم کورٹ کے 18 اگست کے فیصلے پر فوری اور مکمل عملدرآمد کیا جائے۔تحریک تحفظ آئین پاکستان نے مطالبہ کیا کہ بانی چیئرمین پی ٹی آئی کو فوری طور پر شفا انٹرنیشنل اسپتال اسلام آباد منتقل کیا جائے اور انہیں مکمل اور معیاری طبی سہولیات فراہم کی جائیں۔ اعلامیے میں وفاقی آئینی عدالت کی جانب سے پشاور ہائیکورٹ کو مقدمات کی سماعت سے روکنے پر بھی تشویش کا اظہار کیا گیا۔اعلامیے کے مطابق گورنر راج، ایمرجنسی اور ایم پی او کے تحت قائم مقدمات کی سماعت روکنے کا اقدام یکطرفہ ہے، جس کے خلاف وفاقی آئینی عدالت میں باقاعدہ پٹیشن دائر کی جائے گی۔تحریک تحفظ آئین پاکستان نے خیبر پختونخوا کے منتخب وزیراعلیٰ، اسپیکر اسمبلی، ارکان اسمبلی اور کارکنوں کو حراست میں رکھنے کی مذمت کی۔

بقیہ نمبر 27

مئی ریڈیو پاکستان حملہ کیس کی سماعت کی، جس میں وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی کے دوبارہ وارنٹ گرفتاری جاری کردیے گئے۔سماعت کے موقع پر سابق وزرا تیمور سلیم جھگڑا، کامران بنگش اور عرفان سلیم اپنے وکلا کے ہمراہ پیش ہوئے، جہاں عدالت نے تینوں سابق وزرا کی عبوری ضمانت میں 17 نومبر تک توسیع کردی۔ملزمان کے وکلا نے عدالت سے کہا کہ ہم آج تیار نہیں ہیں، ہمیں ٹائم دیا جائے اور کیس کی سماعت ملتوی کی جائے۔ ملزمان کے وکلا کی درخواست پر عدالت نے سماعت 17 نومبر تک ملتوی کردی۔یادرہے کہ 9 مئی حملہ کیس میں ریڈیو پاکستان کی درخواست پر وزیراعلیٰ سہیل آفریدی، سابق وزرا تیمور سلیم جھگڑا، کامران بنگش، عرفان سلیم اور عامر خان چمکنی کو نامزد کیا گیا ہے۔

بقیہ نمبر 28

فرض قدرتی آفات کے بعد فوری بجٹ معاونت فراہم کرنے کے لیے ہوگا۔ایشیائی ترقیاتی بینک کا کہنا ہے کہ اس پروگرام سے آفات سے بچاؤ اور خطرات کے انتظام میں بہتری آئے گی، پاکستان کی ترقیاتی منصوبہ بندی میں قدرتی آفات سے تحفظ شامل ہوگا، آفات کے بعد مالی وسائل کی دستیابی بہتر بنائی جائے گی، پاکستان کا ڈیزاسٹر رسک فنانسنگ نظام مضبوط بنایا جائے گا۔اے ڈی بی کی جانب سے کہا گیا ہے کہ پاکستان میں سیلاب، زلزلے اور دیگر آفات سے معاشی نقصانات ہوتے ہیں، 2022ء کے سیلاب سے پاکستان کو 14.9 ارب ڈالرز براہ راست نقصان ہوا، 91 لاکھ افراد غربت کا شکار ہوئے۔اے ڈی بی کا کہنا ہے کہ قدرتی آفات سے غریب اور دیہی آبادی سب سے زیادہ متاثر ہوتی ہے، خواتین اور لڑکیاں قدرتی آفات سے غیر متناسب طور پر متاثر ہوتی ہیں۔

بقیہ نمبر 29

مشاورت کی گئی اور تقریباً دوسال کے مشاورتی عمل کے بعد مختلف مذہبی برادریوں کی تجاویز اور آراء کی روشنی میں متفقہ مسودہ تیار کیا گیا۔اسلام آباد ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام قومی بین المذاہب ہم آہنگی اور امن کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے بتایا کہ وزیر برائے قانون وانصاف و انسانی حقوق کی حیثیت سے انہوں نے اس قانون سازی کے عمل کی قیادت کی۔انہوں نے مزید کہا کہ قومی کمیشن کے چیئرمین اور اراکین کی نامزدگی اور تقرری کا عمل وزیراعظم پاکستان اور قائدِ حزب اختلاف، قومی اسمبلی کے ذریعے جاری ہے اور توقع ہے کہ کمیشن آئندہ چند ہفتوں میں فعال ہو جائے گا۔سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ حکومتِ پاکستان اپنے آئینی، قانونی، اخلاقی اور سرکاری فرائض کے تحت تمام شہریوں کے حقوق کے تحفظ اور مذہبی ہم آہنگی کے فروغ کے لیے پوری طرح پرعزم ہے۔ مذہبی آزادی، مساوی حقوق اور انسانی وقار کا تحفظ ایک پرامن اور متحد معاشرے کی بنیاد ہے۔انہوں نے قائداعظم محمد علی جناح ؒ کے 11 اگست 1947ء کے تاریخی خطاب کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان میں ہر شہری کو اپنے مذہب کے مطابق زندگی گزارنے اور عبادت کرنے کی آزادی حاصل ہے۔ آئینِ پاکستان کا آرٹیکل 20 مذہبی آزادی، آرٹیکل 25 قانون کے سامنے مساوات اور آرٹیکل 36 اقلیتوں کے حقوق اور مفادات کے تحفظ کی ضمانت فراہم کرتا ہے۔وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان کی مذہبی اقلیتوں نے تعلیم، صحت، عوامی خدمت، عدلیہ اور مسلح افواج سمیت قومی ترقی کے مختلف شعبوں میں نمایاں کردار ادا کیا ہے۔انہوں نے کہا کہ مذہبی ہم آہنگی کا فروغ صرف قانون سازی تک محدود نہیں بلکہ اس کے لیے اجتماعی ذمہ داری، تعلیم، ذمہ دار مذہبی قیادت اور بامعنی مکالمے کی بھی ضرورت ہے۔انہوں نے بار ایسوسی ایشنز پر زور دیا کہ وہ قانونی آگاہی کے فروغ اور کمزور طبقات کی معاونت کے ذریعے اس قومی ذمہ داری میں اپنا کردار ادا کریں۔سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے ہولی سی (ویٹیکن) کے ساتھ پاکستان کے دیرینہ تعلقات کو اہم قرار دیتے ہوئے بین المذاہب مکالمے اور پرامن بقائے باہمی کے فروغ کے لیے اس کے کردار کو سراہا۔تقریب میں وزیرمملکت برائے قانون وانصاف بیرسٹر عقیل ملک نے بھی شرکت کی۔

بقیہ نمبر 30

صورتحال کا جائزہ لیا گیا۔شرکا نے ملکی طریقہ کار کو عالمی معیارات سے ہم آہنگ کرنے کے لئے ضروری ضابطہ جاتی فریم ورک اور قوانین کے نفاذ کے طریقہ کار کا بھی جائزہ لیا۔نائب وزیراعظم نے پاکستان کے عالمی اقتصادی روابط کو مضبوط بنانے، برآمدات میں مسابقتی صلاحیت بڑھانے اور بین الاقوامی تجارت میں پاکستان کی پوزیشن بہتر بنانے کے لئے بین الاقوامی لیبر معیارات پر عملدرآمد کی اہمیت پر زور دیا۔انہوں نے تمام متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ صوبائی حکومتوں کے ساتھ قریبی رابطہ اور ہم آہنگی برقرار رکھی جائے اور تمام قومی وعدوں اور ذمہ داریوں کی تکمیل کے لئے طے شدہ مدت کی پابندی کی جائے۔اجلاس میں وزیراعظم کے مشیر برائے صنعت و پیداوار، وزیراعظم کے معاون خصوصی طارق باجوہ، تجارت، سمندر پار پاکستانیوں اور انسانی حقوق کی وزارتوں کے سیکرٹریز کے علاوہ متعلقہ وزارتوں اور محکموں کے سینئر حکام نے شرکت کی۔

بقیہ نمبر 31

خلاف عوامی بیداری مہم کے تحت مینار پاکستان لاہور، کوئٹہ ، پشاور اور کراچی میں بڑے عوامی جلسوں کا اعلان کیا ہے۔منصورہ میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کوئٹہ میں بائیس نومبر اور مینار پاکستان پر انتیس نومبر کو تاریخی جلسے ہوں گے، اس کے بعد پشاور اور کراچی میں عوامی جلسوں کا انعقاد ہوگا۔ قائم مقام سیکرٹری جنرل نذیر احمد جنجوعہ، ڈپٹی سیکرٹریز وقاص انجم جعفری، امیر پنجاب وسطی جاوید قصوری اور امیر لاہور ضیاالدین انصاری بھی اس موقع پر موجود تھے حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ پٹرولیم لیوی پر حکومتی اور جماعت اسلامی کی مشترکہ ٹیکنیکل ٹیم نے معاہدہ تیار کرلیا ہے، حکومت معاہدہ کا حتمی جائزہ لے گی جس کے بعد عوام کو ریلیف کا اعلان کیا جائے گا، حکومت نے جماعت اسلامی کے احتجاج کے نتیجہ میں پٹرول کی قیمتوں میں جاری بے تحاشا اضافہ کو روکا ہے، اسی طرح موٹر سائیکل اور ہزار سی سی سے کم گاڑیوں کے مالکان کو ریلیف بھی دیا گیا، یہ ہمارے احتجاج کا نتیجہ ہے کہ عوام میں لیوی کے خلاف بڑی بیداری پیدا ہوئی ہے، حکومت کو کہا ہے کہ ریلیف کے موجودہ دائرہ کار کو وسعت دے کر اس میں تیرہ سو سی گاڑیاں ، زراعی مشینری میں ڈیزل کے استعمال اور عوامی ٹرانسپورٹ کو بھی شامل کیا جائے، لیوی کے خاتمہ کے مطالبہ سے دستبردار نہیں ہوئے، حکومت بجٹ تک مہلت طلب کررہی ہے، حتمی معاہدہ کے بعد آئندہ کی صورتحال سے متعلق فیصلہ کریں گے، احتجاج کے دائرہ کار کو مزید بڑھا دیا ہے ، اس میں مہنگی گیس ، ایل پی جی ، بلدیاتی انتخابات نہ کرائے جانے اور زراعت اور کسانوں کے مسائل کو بھی شامل کررہے ہیں ، جماعت اسلامی کے علاوہ کوئی بھی سیاسی پارٹی عوامی مسائل پر بات نہیں کررہی، عوام کے حقوق کے حصول کے لیے پرامن جدوجہد جاری رہے گی، سیاسی پارٹی کا کام ڈنڈے اٹھانا نہیں ہوتا، ہماری تحریک منظم اور پرامن ہے۔امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ اس وقت ایل پی جی کی فی کلو قیمت پانچ سوروپے سے بھی تجاوز کرچکی ہے، آئل ریفائنریز پٹرولیم مصنوعات پر بے پناہ منافع سمیٹ رہی ہیں، بجلی اور گیس مہنگی ہے، مریم نواز کی حکومت نے زراعت اور چھوٹے کسان کو تباہ کردیا ہے، ڈی اے پی بوری کی قیمت سترہ ہزار سے تجاوز کرچکی ، یوریا مارکیٹ میں دستیاب نہیں، آٹا آٹھ ہزار من تک چلا گیا، گندم کسان سے پچیس سو روپے من سے بھی کم قیمت پر خریدی گئی، اب یہ ساڑھے پانچ ہزار من تک چلی گئی ہے، ملک میں گزشتہ دس برسوں میں کپاس کے قابل کاشت رقبہ میں ساٹھ فیصد کمی ہوئی ہے، کپاس کے علاقوں میں گنا کاشت ہورہا ہے، کسانوں کو گنے کی بھی مناسب قیمت نہیں مل رہی، آثار نظر نہیں آرہے کہ شوگر ملیں مقررہ تاریخ پندرہ نومبر تک کرشنگ (Crushing) شروع کریں گی، چند سیاسی خاندان ملک کی پچھتر فیصد کے قریب شوگر ملوں کے مالکان ہیں، مسائل پیدا کر کے حکومتوں میں شامل مختلف مافیاز فائدہ اٹھاتے ہیں۔حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ ملک میں بلدیاتی انتخابات نہ کرائے جانے اور پنجاب کے بلدیاتی ایکٹ میں تبدیلی کے لیے عدالت کا دروازہ کھٹکھٹایا ہے ، پنجاب کا موجودہ بلدیاتی قانون جمہوریت دشمن ہے،اسے مسترد کیا ہے، ایکٹ میں تبدیلی کر کے بروقت بلدیاتی انتخابات کرائے جائیں۔انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی پچیس کروڑ عوام کی ترجمانی کررہی ہے ، عالمی مارکیٹ میں جاری پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی اور آئل ریفائنریز کے ناجائز منافع کو روک کر حکومت ہرصورت عوام کو ریلیف دیا جائے، حکمران اپنی اور افسر شاہی کی مراعات اور عیاشیوں پر قابو پائیں۔

بقیہ نمبر 32

ڈی بیرل پر آ گیا۔عالمی منڈی میں برینٹ خام تیل کے سودے تقریباً 92 ڈالرز میں ہوئے۔ویسٹ ٹیکساس انٹرمیڈیٹ (ڈبلیو ٹی آئی) کے سودے 86 ڈالرز فی بیرل میں ہو رہے ہیں۔

☆☆☆

☆☆☆☆☆☆

پبلشر
احسان احمد سحر
پرنٹر
نسیم اختر
مطبع
گردیزی پرنٹنگ پریس بہاولپور
مقام اشاعت
535-536 سرور شاہ سٹریٹ احمد پور شرقیہ